# ایگری مارکیٹنگ راؤنڈ اپ

## جولائی 2017ء



ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ (مارکیٹنگ ونگ) حکومتِ پنجاب

# فہرست مضامین


| | | |
|---|---|---|
| 1 | گندم | 4 |
| 2 | مکئی | 7 |
| 3 | چاول باسمتی | 9 |
| 4 | چاول اری | 13 |
| 5 | چینی سفید | 15 |
| 6 | چنا سیاہ | 18 |
| 7 | ماش | 20 |
| 8 | مسور | 22 |
| 9 | مونگ | 24 |
| 10 | پیاز | 26 |
| 11 | آلو | 29 |
| 12 | ٹماٹر | 31 |
| 13 | سرخ مرچ | 34 |

# پیش لفظ

محکمہ زراعت مارکیٹنگ ونگ پنجاب، لاہور ہر ماہ ایگری مارکیٹنگ راؤنڈ اپ شائع کرتا ہے جس میں تیرہ (13) اجناس گندم، مکئی، چاول باسمتی، چاول اری، چینی، چنا سیاہ، ماش، مسور، مونگ، پیاز، آلو، ٹماٹر اور سرخ مرچ کا مکمل تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا ہے اس کے علاوہ پنجاب کی مقامی منڈیوں کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی منڈیوں میں زرعی اجناس کی قیمتوں کا موازنہ بھی دیا جاتا ہے۔ جبکہ گندم، مکئی، چاول، گنا وغیرہ کی عالمی سطح پر پیداوار، استعمال، تجارت اور اُس کے موجودہ ذخائر پر مشتمل معلومات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ مزید یہ کہ پنجاب کی بڑی منڈیوں لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، گوجرانوالہ، اوکاڑہ، راولپنڈی، رحیم یار خان ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور سے روزانہ کی بنیاد پر زرعی اجناس کی قیمتیں اکٹھی کی جاتی ہیں۔ اِن قیمتوں کو اکٹھا کرنے کے بعد موجودہ ماہ کی اوسط قیمتوں کا گذشتہ ماہ کے ساتھ اور گذشتہ سال کے اُسی ماہ کے ساتھ موازنہ گراف اور گوشوارہ کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس سے زرعی اجناس کی قیمتوں میں اُتار چڑھاؤ کا باآسانی جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ زرعی اجناس کی مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں میں رسد، طلب اور اُن کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات بھی مرتب کی جاتی ہیں۔ مارکیٹنگ راؤنڈ اپ کاشتکاروں کو بغیر کسی معاوضہ کے مہیا کیا جاتا ہے تاکہ اُن کو زرعی اجناس کی مارکیٹنگ کے بارے میں آگاہ کیا جا سکے۔ مارکیٹنگ راؤنڈ اپ سے زرعی اجناس کے کاروبار سے منسلک اشخاص، برآمد کنندگان، حکومتی اہلکار، ملز مالکان اور پالیسی میکرز بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا مارکیٹنگ راؤنڈ اپ کے قارئین سے التماس ہے کہ وہ اس ماہانہ راؤنڈ اپ کو بہتر بنانے کے لئے اپنی قیمتی تجاویز سے آگاہ کریں تاکہ ان تجاویز کو مدنظر رکھ کر مارکیٹنگ راؤنڈ اپ کو مزید بہتر کیا جا سکے۔ قارئین اس سلسلہ میں اپنی تجاویز محکمہ کی ای میل ایڈریس amis_pk@yahoo.com پر بھجوا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ مارکیٹنگ راونڈ اپ کو محکمہ کی ویب سائٹ www.amis.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہ مارکیٹنگ راؤنڈ اپ ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کی ریسرچ ٹیم کی معاونت سے تیار کیا گیا ہے۔

**سلوت سعید**
**سپیشل سیکرٹری (مارکیٹنگ)**
**محکمہ زراعت، حکومت پنجاب**

# گندم

گندم کے عالمی پیداواری اعدادوشمار کے مطابق گندم کی مجموعی عالمی پیداوار میں کمی کا رجحان رہے گا۔سال2016-17 کے دوران گندم کی مجموعی عالمی پیداوار760.1 ملین ٹن تھی جو کہ سال2017-18 کے دوران کم ہوکر743.2 ملین ٹن کی سطح پر آجائے گی۔گندم کا مجموعی عالمی استعمال728.3 ملین ٹن ریکارڈ کیا جارہا ہے۔گندم کے عالمی ذخائر247.5 ملین ٹن سے بڑھ کر257.4 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ جائیں گے۔جبکہ گندم کی عالمی تجارت میں کمی کا رجحان رہے گا۔گندم کی عالمی تجارت174.0 ملین ٹن سے کم ہوکر171.0 ملین ٹن کی سطح پر آجائے گی۔

گندم کی عالمی پیداوار میں چین128.8 ملین ٹن پیداوار کے ساتھ پہلے، بھارت92.3 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے،روس73.3 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، امریکہ62.9 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے،آسٹریلیا 35.1 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں،کینیڈا31.7 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے، یوکرائن26.1 ملین ٹن کے ساتھ ساتویں اور پاکستان 25.5 ملین ٹن کے ساتھ آٹھویں نمبر پر ہے۔

عالمی سطح پر گندم کے بڑے برآمدی ممالک میں امریکہ27.7 ملین ٹن کے ساتھ پہلے،روس27.5 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے،آسٹریلیا 22.8 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے،کینیڈا 20.0 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، یوکرائن16.8 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں،ارجنٹائن 10.8 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے،قازقستان7.5 ملین ٹن کے ساتھ ساتویں اور ترکی4.8 ملین ٹن کے ساتھ آٹھویں نمبر پر ہے۔

عالمی سطح پر گندم کے بڑے درآمدی ممالک میں مصر11.8 ملین ٹن گندم کی درآمد کے ساتھ پہلے،انڈونیشیا 9.1 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے،الجیریا8.4 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، برازیل6.8 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے،چین5.8 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں جبکہ جاپان، مراکو،فلپائن، بنگلہ دیش اور بھارت کا شمار بھی گندم کے بڑے درآمدی ممالک میں ہوتا ہے۔












پاکستان میں گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں گندم کے زیرِ کاشت رقبہ اور پیداوار میں مجموعی طور پر اضافے کا رجحان ہے۔سال 13-2012 کے دوران ملکی سطح پر گندم کے زیر کاشت رقبہ 8.660 ملین ہیکٹیر تھا جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 9.260 ملین ہیکٹیر ہو گیا۔ اسی طرح سال 13-2012 کے دوران گندم کی پیداوار 24.211 ملین ٹن تھی جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 25.750 ملین ٹن ہو گئی۔

پاکستان میں سال 16-2015 کے دوران گندم کی مجموعی ملکی پیداوار میں صوبہ پنجاب 76 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، صوبہ سندھ 15 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے، صوبہ خیبر پختونخواہ 6 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے اور صوبہ بلوچستان 3 فیصد حصہ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔

صوبہ پنجاب میں گندم کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق سال 17-2016 کے دوران گندم کی ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی۔ سال 13-2012 کے دوران گندم کی مجموعی پیداوار 18.587 ملین ٹن تھی جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 19.560 ملین ٹن ہو گئی سال 17-2016 کے دوران حاصل ہونے والی گندم کی پیداوار گذشتہ سال 16-2015 کی نسبت بھی زیادہ ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ سال 17-2016 کے دوران گندم کا زیر کاشت رقبہ جو کہ 6.750 ملین ہیکٹیر تھا گذشتہ سال کے زیر کاشت رقبہ جو کہ 6.913 ملین ہیکٹیر ریکارڈ کیا گیا تھا کی نسبت کم تھا۔

صوبہ پنجاب میں سال 16-2015 کے گندم کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق ضلع بہاولنگر گندم کی پیداوار میں پہلے، رحیم یار خان دوسرے، بہاولپور تیسرے، فیصل آباد چوتھے، وہاڑی پانچویں، مظفر گڑھ چھٹے اور جھنگ ساتویں نمبر پر ہے۔




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ(000 ہیکٹیر) | 8660.2 | 9199.4 | 9205.5 | 9223.7 | 9260.0 |
| پیداوار (000 ٹن) | 24211.4 | 25979.4 | 25086.1 | 25633.1 | 25750.0 |

2016-17*- Provisional (July to March)
Source: Economic Survey of Pakistan, Agricultural Statistics of Pakistan & Ministry of National Food Security and Research Islamabad







| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ(000 ہیکٹیر) | 6511.3 | 6901.4 | 6981.0 | 6913.92 | 6750.0 |
| پیداوار (000 ٹن) | 18587.0 | 19738.9 | 19281.9 | 19526.7 | 19560.3 |

2016-17*:2nd Estimate of Wheat
Source: Agricultural Statistics of Pakistan & Crop Reporting Service Punjab




| | بہاولنگر | رحیم یار خان | بہاولپور | فیصل آباد | وہاڑی | مظفر گڑھ | جھنگ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار | 1132.48 | 1015.97 | 969.03 | 944.83 | 885.94 | 876.21 | 869.67 |
| رقبہ | 371.09 | 309.17 | 300.27 | 300.67 | 270.73 | 303.91 | 300.67 |

Source: Crop Reporting Service Punjab

# ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس










پاکستان سے گندم کی برآمدی اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ سال 2013-14 کے دوران پاکستان نے 20,040 ٹن گندم برآمد کی گئی۔مگر مالی سال2013-14 کے بعد گندم کی برآمد میں مسلسل کمی دیکھنے میں آئی سال2016-17 کے 11 ماہ کے دوران صرف 3876 ٹن گندم برآمد کی جاسکی۔

عالمی منڈی میں گندم کی گذشتہ تین سالوں کی قیمتوں کا موازنہ ظاہر کرتا ہے کہ جنوری2015 سے گندم کی عالمی قیمت میں مسلسل کمی ریکارڈ کی گئی۔جنوری2015 کے دوران گندم کی عالمی قیمت262.0 امریکی ڈالر فی ٹن تھی جو کہ مسلسل کمی کے بعد اگست2016 کے دوران 188.2 امریکی ڈالرفی ٹن کی سطح پر آگئی۔مگر جون2017 کے دوران گندم کی عالمی قیمت میں کچھ بہتری آئی اور گندم کی عالمی قیمت 200.2 امریکی ڈالرفی ٹن سے بڑھ کر226.3 امریکی ڈالرفی ٹن ہو گئی۔

صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں گندم کی اوسط قیمت2986 روپے فی سوکلوگرام تھی جو کہ جون میں کم ہوکر2981 روپے فی سوکلوگرام ہوگئی اس طرح گذشتہ ماہ کے مقابلہ میں شرح کمی0.15 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ گذشتہ سال جون کی قیمتوں کی نسبت4.69 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔

قیمت روپے فی100 کلوگرام

| منڈی | جون(2017) کی قیمتیں | مئی(2017) کی قیمتیں | جون(2016) کی قیمتیں | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی(2017) سے موازنہ | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا جون(2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 3085 | 3054 | 3050 | 1.02 | 1.15 |
| فیصل آباد | 3063 | 3063 | 3188 | 0.00 | -3.92 |
| سرگودھا | 2764 | 2823 | 3068 | -2.10 | -9.91 |
| ملتان | 3010 | 2968 | 3108 | 1.42 | -3.16 |
| گوجرانوالہ | 3125 | 3062 | 3130 | 2.06 | -0.14 |
| اوکاڑہ | 2989 | 3036 | 3081 | -1.58 | -3.01 |
| راولپنڈی | 3088 | 3105 | 3315 | -0.55 | -6.84 |
| رحیم یارخان | 2917 | 2946 | 3057 | -0.99 | -4.57 |
| بہاولپور | 2998 | 2975 | 3034 | 0.77 | -1.19 |
| ڈیرہ غازی خان | 2775 | 2826 | 3250 | -1.80 | -14.62 |
| **اوسط** | **2981** | **2986** | **3128** | **-0.15** | **-4.69** |

# ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس

## مکئی

مکئی کے عالمی پیداواری اعدادوشمار کے مطابق سال 16-2015 کے دوران مکئی کی مجموعی عالمی پیداوار 977.0 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 1069.0 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔ سال 17-2016 کے دوران مکئی کا عالمی استعمال 1050.0 ملین ٹن ریکارڈ کیا گیا۔ مکئی کے عالمی ذخائر میں بہتری دیکھنے میں آئی۔ سال 16-2015 کے دوران مکئی کے عالمی ذخائر 209.0 ملین ٹن تھے جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 228.0 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئے۔ جبکہ گندم کی عالمی تجارت گذشتہ سال کی نسبت بڑھ کر 139 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ جائیگی۔

عالمی سطح پر مکئی کے بڑے پیداواری ممالک میں امریکہ 384.8 ملین ٹن کے ساتھ پہلے، چین 219.6 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، برازیل 63.4 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، ارجنٹائن 39.8 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، یوکرائن 28.1 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں، میکسیکو 27.6 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے، بھارت 26.1 ملین ٹن کے ساتھ ساتویں، انڈونیشیا 19.7 ملین ٹن کے ساتھ آٹھویں اور کینیڈا 13.2 ملین ٹن کے ساتھ نویں نمبر پر ہے۔

عالمی سطح پر مکئی کے بڑے برآمدی ممالک میں امریکہ 57.2 ملین ٹن کے ساتھ پہلے، ارجنٹائن 26.0 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، یوکرائن 18.2 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، برازیل 15.0 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے اور روس 5.0 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ جبکہ سربیا، جنوبی افریقہ، کینیڈا اور میکسیکو کا شمار بھی مکئی کے بڑے برآمدی ممالک میں ہوتا ہے۔

عالمی سطح پر مکئی کے بڑے درآمدی ممالک میں جاپان 15.4 ملین ٹن مکئی کی درآمد کے ساتھ پہلے، میکسیکو 14.3 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، چین 10.6 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، کوریا 9.9 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، ویت نام 9.0 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں جبکہ مصر، ایران، کولمبیا اور الجیریا بھی مکئی کے بڑے درآمدی ممالک ہیں۔




| | 2014-15 | 2015-16 (est.) | 2016-17 (f'cast) |
|---|---|---|---|
| پیداوار | 1021.0 | 977.0 | 1069.0 |
| استعمال | 996.0 | 974.0 | 1050.0 |
| ذخیرہ | 207.0 | 209.0 | 228.0 |
| تجارت | 125.0 | 136.0 | 139.0 |









پاکستان میں گذشتہ پانچ سالوں کے مکئی کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق مکئی کی مجموعی ملکی پیداوار میں مسلسل اضافے کا رجحان ہے۔سال 2012-13 کے دوران مکئی کی مجموعی ملکی پیداوار4.220 ملین ٹن تھی جو کہ سال2016-17 کے دوران بڑھ کر6.130 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔اسی طرح مکئی کے زیرکاشت رقبہ میں بھی مسلسل اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

پاکستان میں مکئی کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار کا موازنہ




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ(000 ہیکٹیر) | 1059.5 | 1168.5 | 1142.5 | 1210.0 | 1334.0 |
| پیداوار (000 ٹن) | 4220.1 | 4944.2 | 4936.8 | 5337.0 | 6130.0 |

2016-17*= Provisional (July to March)
Source: Economic Survey of Pakistan, Agricultural Statistics of Pakistan & Ministry of National Food Security and Research Islamabad

سال2015-16 کے مکئی کے ملکی پیداواری اعدادوشمار کے مطابق صوبہ پنجاب 82 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے اور صوبہ خیبر پختونخواہ 18 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے جبکہ صوبہ بلوچستان اورصوبہ سندھ کا مکئی کی پیداوار میں حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

مکئی کی پیداوار میں پاکستان کے مختلف صوبوں کا فیصد حصہ سال 2015-16




صوبہ پنجاب میں مکئی کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ صوبے میں مکئی کی سالانہ پیداوار میں مسلسل اضافے کا رجحان ہے۔سال2011-12 کے دوران مکئی کی مجموعی پیداوار 3.441 ملین ٹن تھی جو کہ سال2015-16 کے دوران بڑھ کر 4.391 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔

پنجاب میں مکئی کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار کا موازنہ




| | 2011-12 | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ(000 ہیکٹیر) | 603.9 | 587.7 | 689.3 | 672.8 | 716.1 |
| پیداوار (000 ٹن) | 3441.7 | 3353.1 | 4020.8 | 4019.9 | 4391.2 |

Source: Agricultural Statistics of Pakistan & Crop Reporting Service Punjab

سال2015-16 کے دوران صوبہ پنجاب میں مکئی کی کاشت اور پیداوار کے لحاظ سے ضلع اوکاڑہ پہلے، پاکپتن دوسرے، ساہیوال تیسرے،قصور چوتھے،وہاڑی پانچویں،چنیوٹ چھٹے اورٹوبہ ٹیک سنگھ ساتویں نمبر پر ہے۔

پنجاب کے مختلف اضلاع میں مکئی کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار کا موازنہ سال 2015-16




| | اوکاڑہ | پاکپتن | ساہیوال | قصور | وہاڑی | چنیوٹ | ٹوبہ ٹیک سنگھ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار | 860.4 | 779.6 | 565.6 | 438.0 | 428.0 | 276.2 | 180.8 |
| رقبہ | 111.3 | 104.0 | 81.8 | 56.1 | 57.3 | 40.6 | 27.6 |

Source: Crop Reporting Service Punjab




عالمی منڈی میں مکئی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان ہے ۔ جنوری 2017 کے دوران مکئی کی عالمی قیمت 159.4 امریکی ڈالر فی ٹن تھی جو کہ جون 2017 کے دوران کم ہو کر 157.8 امریکی ڈالر فی ٹن ہو گئی۔ جون 2017 کی عالمی قیمت گذشتہ تین سالوں میں جون کی قیمتوں میں کم ترین سطح پر رہی۔




صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں مکئی کی اوسط قیمت 2484 روپے فی سو کلوگرام تھی جو کہ جون میں کم ہو کر 2483 روپے فی سو کلوگرام ہو گئی۔ گذشتہ ماہ کے مقابلہ میں کمی 0.05 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ گذشتہ سال جون کی قیمتوں کی نسبت 11.48 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔ درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔

قیمت روپے فی 100 کلوگرام

| منڈی | جون(2017) کی قیمتیں | مئی(2017) کی قیمتیں | جون(2016) کی قیمتیں | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی(2017) سے موازنہ | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا جون(2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 2300 | 2300 | 3100 | 0.00 | -25.81 |
| فیصل آباد | 2500 | 2500 | 2519 | 0.00 | -0.77 |
| سرگودھا | 2371 | 2359 | 2448 | 0.51 | -3.17 |
| ملتان | 2435 | 2488 | 3399 | -2.16 | -28.36 |
| گوجرانوالہ | 2650 | 2594 | 3296 | 2.14 | -19.60 |
| اوکاڑہ | 2315 | 2340 | 2186 | -1.08 | 5.87 |
| راولپنڈی | 3063 | 3063 | 3250 | 0.00 | -5.77 |
| رحیم یار خان | 2219 | 2219 | 2156 | 0.00 | 2.92 |
| بہاولپور | 2282 | 2282 | 2798 | 0.00 | -18.46 |
| ڈیرہ غازی خان | 2700 | 2700 | 2900 | 0.00 | -6.90 |
| **اوسط** | **2483** | **2484** | **2805** | **-0.05** | **-11.48** |

## چاول باسمتی




عالمی سطح پر چاول کے پیداواری اعداد و شمار کے مطابق چاول کی مجموعی عالمی پیداوار میں اضافے کا رجحان ہے۔ سال 17-2016 کے دوران چاول کی مجموعی ملکی پیداوار 499.3 ملین ٹن تھی جو کہ سال 18-2017 کے دوران بڑھ کر 502.6 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ جائیگی۔ اسی طرح چاول کا عالمی استعمال 499.9 ملین ٹن سے بڑھ کر 505.7 ملین ٹن ہو جائے گا۔ چاول کے عالمی ذخائر میں معمولی کمی واقع ہو گی جو کہ 170.9 ملین ٹن سے کم ہو کر 170.5 ملین ٹن سے کی سطح پر پہنچ جائیں گے۔ چاول کی عالمی تجارت 43.6 ملین ٹن سے بڑھ کر 44.2 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ جائے گی۔




عالمی سطح پر چاول کے بڑے پیداواری ممالک میں چین 142.9 ملین ٹن چاول کی پیداوار کے ساتھ پہلے، بھارت 109.2 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، انڈونیشیا 45.6 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، بنگلہ دیش 34.7 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، ویت نام 28.3 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں، تھائی لینڈ 21.6 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے، میانمار 16.8 ملین ٹن کے ساتھ ساتویں، فلپائن 12.1 ملین ٹن کے ساتھ آٹھویں، جاپان 7.7 ملین ٹن کے ساتھ نویں، برازیل 7.2 ملین ٹن کے ساتھ دسویں جبکہ پاکستان 6.6 ملین ٹن کے ساتھ 11 ویں نمبر پر ہے۔




عالمی سطح پر چاول کے بڑے برآمدی ممالک میں بھارت 10.0 ملین ٹن چاول کی برآمد کے ساتھ پہلے، تھائی لینڈ 9.9 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، ویت نام 6.2 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، پاکستان 4.1 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، امریکہ 3.5 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔




عالمی سطح پر چاول کے بڑے درآمدی ممالک میں چین 6.3 ملین ٹن چاول کی درآمد کے ساتھ پہلے، نائیجیریا 2.2 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، آئیوری کوسٹ 1.4 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، انڈونیشیا 1.3 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے اور سعودی عرب 1.2 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ جبکہ ایران، سینگال، عراق، جنوبی افریقہ اور ملائیشیا بھی چاول کے بڑے درآمدی ممالک ہیں۔




پاکستان میں چاول کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعداد و شمار کے مطابق چاول کی مجموعی ملکی پیداوار میں ملا جلا رجحان دیکھنے میں آیا۔ سال 13-2012 کے دوران چاول کی مجموعی ملکی پیداوار 5.535 ملین ٹن تھی جو کہ سال 15-2014 کے دوران بڑھ کر 7.002 ملین ٹن ہوگئی۔ جبکہ سال 16-2015 کے دوران 6.801 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی اسی طرح سال 17-2016 کے دوران چاول کی پیداوار گذشتہ سال سے بڑھ کر 6.849 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔

سال2015-16 کے دوران چاول کی مجموعی ملکی پیداوار میں صوبہ پنجاب 52 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، صوبہ سندھ 38 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے، صوبہ بلوچستان 8 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے اور صوبہ خیبر پختونخواہ 2 فیصد حصہ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔




صوبہ پنجاب میں چاول کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ صوبے میں چاول کی پیداوار میں اُتار چڑھاؤ جاری رہا ہے۔ سال2012-13 کے دوران چاول کی مجموعی پیداوار3.478 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال2014-15 کے دوران بڑھ کر3.648 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح سال 2015-16 کے دوران کم ہو کر 3.502 ملین ٹن جبکہ سال 2016-17 کے دوران مزید کم ہو کر3.475 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔




صوبہ پنجاب میں سال2016-17 کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق ضلع گوجرانوالہ چاول کی پیداوار میں پہلے، اوکاڑہ دوسرے، شیخوپورہ تیسرے، حافظ آباد چوتھے، سیالکوٹ پانچویں، ننکانہ صاحب چھٹے اور بہاولنگر ساتویں نمبر پر ہے۔




صوبہ پنجاب میں چاول باسمتی کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ چاول باسمتی کی پیداوار میں مجموعی طور پر اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ سال 2012-13 کے دوران چاول باسمتی کی پیداوار1.758 ملین ٹن تھی جو کہ سال2016-17 کے دوران بڑھ کر2.524 ملین ٹن ہو گئی۔



سال 17-2016 کے دوران صوبہ پنجاب میں چاول باسمتی کی زیادہ تر کاشت ضلع شیخوپورہ، حافظ آباد، سیالکوٹ، ننکانہ صاحب، گوجرانوالہ، اوکاڑہ اور بہاولنگر کے علاقوں میں کی جاتی ہے۔




پاکستان چاول باسمتی کی برآمد میں عالمی سطح پر چوتھا بڑا ملک ہے اور چاول کی مجموعی ملکی پیداوار کا 63 فیصد حصہ دوسرے ممالک کو برآمد کر دیا جاتا ہے۔ سال 14-2013 کے دوران چاول کی مجموعی برآمد 3.743 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 16-2015 کے دوران بڑھ کر 4.262 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔ مگر سال 17-2016 کے 11 ماہ کے دوران جولائی 2016 سے مئی 2017 تک کے عرصہ کے دوران چاول کی برآمد کم ہو کر 3.269 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی۔




گزشتہ چند سالوں کے دوران چاول باسمتی کی برآمد میں مجموعی طور پر کمی دیکھنے میں آ رہی ہے۔ سال 14-2013 کے دوران چاول باسمتی کی برآمد 667520 ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 17-2016 کے پہلے 11 ماہ کے دوران کم ہو کر 409670 ٹن کی سطح پر آ گئی۔




عالمی منڈی میں چاول باسمتی کی قیمتوں میں گزشتہ تین سالوں کے دوران اضافے کا رجحان ہے۔ جون 2015 کے دوران چاول باسمتی کی قیمت 871 امریکی ڈالر فی ٹن تھی جو کہ جون 2016 کے دوران کم ہو کر 825 امریکی ڈالر فی ٹن ہو گئی مگر جون 2017 کے دوران چاول باسمتی کی قیمتوں میں بھرپور اضافہ ہوا اور قیمت بڑھ کر 1205 امریکی ڈالر فی ٹن ہو گئی۔ جس سے پاکستان کو بہتر زرمبادلہ حاصل ہو رہا ہے۔



صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں فروری کے مہینے میں گذشتہ ماہ جنوری کی نسبت سپر باسمتی (پرانا) کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا جو کہ 4.98 فیصد رہا۔ جبکہ گذشتہ سال فروری کی قیمتوں سے 16.46 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔




صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں جون کے مہینے میں گذشتہ ماہ مئی کی نسبت سپر باسمتی (نیا) کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا جو کہ 1.75 فیصد رہا اور گذشتہ سال جون کی قیمتوں سے 38.71 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔ درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔




قیمت روپے فی 100 کلوگرام

| منڈی | جون(2017) کی قیمتیں | مئی(2017) کی قیمتیں | جون(2016) کی قیمتیں | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی(2017) سے موازنہ | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا جون(2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 10750 | 10380 | 7750 | 3.57 | 38.71 |
| فیصل آباد | 9750 | 9750 | 6392 | 0.00 | 52.53 |
| سرگودھا | 10125 | 9968 | 6563 | 1.58 | 54.29 |
| ملتان | 9799 | 9981 | 6989 | -1.82 | 40.22 |
| گوجرانوالہ | 10450 | 9900 | 6700 | 5.56 | 55.96 |
| اوکاڑہ | 10230 | 9741 | 6733 | 5.03 | 51.95 |
| راولپنڈی | 10500 | 10426 | 7464 | 0.71 | 40.67 |
| رحیم یار خان | 8650 | 8650 | 7250 | 0.00 | 19.31 |
| بہاولپور | 8750 | 8528 | 6795 | 2.61 | 28.78 |
| ڈیرہ غازی خان | 8700 | 8700 | 7800 | 0.00 | 11.54 |
| **اوسط** | **9770** | **9602** | **7044** | **1.75** | **38.71** |

## چاول اری

صوبہ پنجاب میں چاول اری کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ سال 2012-13 کے دوران چاول اری کی مجموعی پیداوار 547400 ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 2016-17 کے دوران کم 3,91800 ٹن کی سطح پر آ گئی۔






صوبہ پنجاب میں چاول اری کے سال2016-17 کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق ضلع اوکاڑہ پہلے،ڈیرہ غازی خان دوسرے، مظفرگڑھ تیسرے،پاکپتن چوتھے، قصور پانچویں،ملتان چھٹے اور چنیوٹ ساتویں اورراجن پورآٹھویں نمبر پر ہے۔




پاکستان چاول اری کی بڑی مقدار برآمد کرتا ہے۔ سال 2013-14 کے دوران چاول اری کی مجموعی برآمد3.049 ملین ٹن تھی جو کہ سال2015-16 کے دوران اضافے کے ساتھ3.759 ملین ٹن ہوگئی۔اسی طرح سال 2016-17 کے پہلے 11 ماہ کے دوران پاکستان2.859 ملین ٹن چاول اری برآمد کر چکا تھا۔




چاول اری کی برآمدی قیمتوں میں بھی کچھ بہتری دیکھنے میں آرہی ہے۔اپریل2017 کے دوران چاول اری کی برآمدی قیمت 389.3امریکی ڈالر فی ٹن تھی جو کہ مئی 2017 کے دوران بڑھ کر 427.5امریکی ڈالرفی ٹن ہوگئی۔




صوبہ پنجاب کی بیشتر بڑی منڈیوں میں چاول اری کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا گذشتہ ماہ مئی میں چاول اری کی اوسط قیمت 3688روپے فی سوکلوگرام تھی جو ماہ جون میں بڑھ کر3791روپے فی سوکلوگرام ہوگئی اورشرح اضافہ 2.77فیصد رہا۔جبکہ گذشتہ سال جون کے مقابلہ میں شرح اضافہ 8.24فیصد رہا۔درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اورگذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے

قیمت روپے فی 100 کلوگرام

| منڈی | جون (2017) کی قیمتیں | مئی (2017) کی قیمتیں | جون (2016) کی قیمتیں | جون (2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی (2017) سے موازنہ | جون (2017) کی فیصد قیمتوں کا جون (2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 4125 | 3955 | 3659 | 4.30 | 12.74 |
| فیصل آباد | 4100 | 4081 | 3300 | 0.45 | 24.24 |
| سرگودھا | 4215 | 3693 | 3524 | 14.13 | 19.61 |
| ملتان | 3741 | 3654 | 3737 | 2.37 | 0.11 |
| گوجرانوالہ | 3856 | 3649 | 3245 | 5.67 | 18.83 |
| اوکاڑہ | 3350 | 3331 | 2946 | 0.56 | 13.70 |
| راولپنڈی | 4250 | 4250 | 4229 | 0.00 | 0.51 |
| رحیم یار خان | 3420 | 3420 | 3450 | 0.00 | -0.87 |
| بہاولپور | 3550 | 3550 | 3630 | 0.00 | -2.21 |
| ڈیرہ غازی خان | 3300 | 3300 | 3300 | 0.00 | 0.00 |
| **اوسط** | **3791** | **3688** | **3502** | **2.77** | **8.24** |

## چینی سفید

چینی کے عالمی پیداواری اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ سال 2015-16 کے دوران چینی کی عالمی پیداوار 165.8 ملین ٹن تھی جو کہ سال 2016-17 کے دوران بڑھ کر 170.9 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔ چینی کے عالمی ذخائر سال 2015-16 کے دوران 38.0 ملین ٹن ریکارڈ کیے گئے جو کہ سال 2016-17 کے دوران کم ہو کر 30.8 ملین ٹن کی سطح پر آ گئے۔ چینی کی مجموعی عالمی برآمد 53.7 ملین ٹن سے بڑھ کر 55.9 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔ جبکہ چینی کی مجموعی عالمی درآمد 53.4 ملین ٹن سے کم ہو کر 52.1 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔




عالمی سطح پر چینی کے بڑے پیداواری ممالک میں برازیل 37.8 ملین ٹن چینی کی پیداوار کے ساتھ پہلے، بھارت 23.9 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، چین 9.5 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، تھائی لینڈ 9.3 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، امریکہ 8.5 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں، میکسیکو 6.7 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے جبکہ پاکستان 5.7 ملین ٹن کے ساتھ ساتویں نمبر پر ہے۔




عالمی سطح پر چینی کے بڑے برآمدی ممالک میں برازیل 27.1 ملین ٹن چینی کی برآمد کے ساتھ پہلے، تھائی لینڈ 8.0 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، آسٹریلیا 4.0 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، گوئٹے مالا 2.3 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے جبکہ بھارت 1.5 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔



عالمی سطح پر چینی کے بڑے درآمدی ممالک میں چین 6.0 ملین ٹن چینی کی درآمد کے ساتھ پہلے، انڈونیشیا 3.4 ملین ٹن کے ساتھ دوسرے، متحدہ عرب امارات 2.5 ملین ٹن کے ساتھ تیسرے، امریکہ 2.4 ملین ٹن کے ساتھ چوتھے، بنگلہ دیش 2.2 ملین ٹن کے ساتھ پانچویں اور ملائیشیا 2.0 ملین ٹن کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہے۔




پاکستان میں گنے کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں گنے کی پیداوار میں اضافے کا رجحان ہے۔ سال 13-2012 کے دوران گنے کی مجموعی ملکی پیداوار 63.749 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 17-2016 کے دوران اضافے کے ساتھ 73.607 ملین ٹن کی سطح پر آ گئی۔




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ (000 ہیکٹیر) | 1128.8 | 1172.5 | 1140.5 | 1131.6 | 1217.0 |
| پیداوار (000 ٹن) | 63749.9 | 67460.1 | 62826.7 | 65482.5 | 73607.0 |

2016-17*: Provisional (July to March)
Source: Economic Survey of Pakistan, Agricultural Statistics of Pakistan & Ministry of National Food Security and Research Islamabad

پاکستان میں سال 16-2015 کے دوران گنے کی مجموعی ملکی پیداوار میں صوبہ پنجاب 64 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، صوبہ سندھ 28 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے، صوبہ خیبر پختونخواہ 8 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے اور صوبہ بلوچستان کا گنے کی پیداوار میں حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔




صوبہ پنجاب میں گنے کی مجموعی پیداوار میں اضافے کا رجحان ہے۔ سال 13-2012 کے دوران گنے کی مجموعی پیداوار 42.982 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 17-2016 کے دوران بڑھ کر 49.613 ملین ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17 |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ (000 ہیکٹیر) | 767.7 | 756.8 | 710.6 | 705.4 | 777.8 |
| پیداوار (000 ٹن) | 42982.0 | 43704.0 | 41074.3 | 41968.2 | 49613.0 |

Source: Agricultural Statistics of Pakistan & Crop Reporting Service Punjab

# ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس

صوبہ پنجاب میں سال2016-17کے گنے کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق ضلع رحیم یار خان پہلے،فیصل آباد دوسرے، مظفرگڑھ تیسرے،سرگودھا چوتھے،جھنگ پانچویں،راجن پور چھٹے اور ٹوبہ ٹیک سنگھ ساتویں نمبر پر ہے۔




پاکستان گذشتہ چندسالوں سے چینی برآمد کرر ہا ہے کیونکہ پاکستان اپنی ملکی ضرورت سے زیادہ چینی پیدا کر رہا ہے۔سال2013-14 کے دوران پاکستان نے6,47,330 ٹن چینی برآمد کی جبکہ سال 2014-15 کے دوران چینی کی برآمد بڑھ کر7,08,970 ٹن کی سطح پر پہنچ گئی۔جبکہ سال2015-16 کے دوران چینی کی برآمد کم ہوکر 2,93,540ٹن ہوگئی۔ مالی سال2016-17 کے پہلے 11 ماہ کے دوران پاکستان3,02,760ٹن چینی برآمد کر چکا تھا جو کہ گذشتہ سال کی مجموعی چینی کی برآمد سے زیادہ ہے۔




عالمی منڈی میں چینی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان ہے۔جنوری 2017کے دوران چینی کی عالمی منڈی میں قیمت47.1روپے فی کلو گرام تھی جو کہ جون2017کے دوران کم ہوکر32.6روپے فی کلو گرام ہوگئی۔




صوبہ پنجاب کی تمام بڑی منڈیوں میں چینی کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی۔مئی میں چینی کی قیمت5396روپے فی سوکلوگرام تھی جو جون میں کم ہوکر5340روپے فی سوکلوگرام ہوگئی اور شرح کمی1.02فیصد رہی۔ جبکہ گذشتہ سال جون کے مقابلے میں 13.31 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔



قیمت روپے فی 100 کلوگرام

| منڈی | جون(2017) کی قیمتیں | مئی(2017) کی قیمتیں | جون(2016) کی قیمتیں | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی(2017) سے موازنہ | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا جون(2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 5550 | 5676 | 6200 | -2.22 | -10.48 |
| فیصل آباد | 5175 | 5309 | 6124 | -2.52 | -15.50 |
| سرگودھا | 5226 | 5269 | 6210 | -0.83 | -15.85 |
| ملتان | 5169 | 5199 | 6160 | -0.57 | -16.08 |
| گوجرانوالہ | 5475 | 5495 | 6113 | -0.36 | -10.44 |
| اوکاڑہ | 5288 | 5343 | 6169 | -1.02 | -14.28 |
| راولپنڈی | 5313 | 5405 | 6199 | -1.70 | -14.29 |
| رحیم یار خان | 5500 | 5507 | 6028 | -0.12 | -8.75 |
| بہاولپور | 5157 | 5203 | 6101 | -0.87 | -15.46 |
| ڈیرہ غازی خان | 5550 | 5550 | 6300 | 0.00 | -11.90 |
| **اوسط** | **5340** | **5396** | **6160** | **-1.02** | **-13.31** |

## چنا سیاہ

چنے کے عالمی پیداواری اعداد و شمار کے مطابق بھارت چنے کی پیداوار میں 72 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، آسٹریلیا 4.58 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے، میانمار 4.09 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے، ایتھوپیا 3.34 فیصد حصہ کے ساتھ چوتھے، ترکی 3.28 فیصد حصہ کے ساتھ پانچویں جبکہ پاکستان 2.91 فیصد حصہ کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہے۔

پاکستان میں چنے کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعداد و شمار کے مطابق سال 13-2012 کے دوران 7,51,300 ٹن چنے کی پیداوار حاصل ہوئی جو کہ سال 17-2016 کے دوران کم ہو کر 3,59,000 ٹن کی سطح پر آ گئی۔ چنے کی کاشت کیونکہ بارانی علاقوں میں ہوتی ہے لہذا اس کی پیداوار کا دارومدار بروقت بارشوں پر ہوتا ہے۔ سال 17-2016 کے دوران بھی بارشیں بروقت نہ ہونے سے چنے کی فصل متاثر ہوئی اور خاطر خواہ پیداوار حاصل نہ کی جا سکی۔

سال 16-2015 کے پیداواری اعداد و شمار کے مطابق صوبہ پنجاب چنے کی مجموعی ملکی پیداوار میں 79 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، صوبہ بلوچستان 11 فیصد کے ساتھ دوسرے، صوبہ صوبہ خیبر پختونخواہ 5 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے اور صوبہ سندھ 5 فیصد حصہ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔









صوبہ پنجاب میں چنے کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق سال 2012-13 کے دوران چنے کی مجموعی پیداوار 6,91,000 ٹن پیداوار حاصل ہوئی جو کہ سال 2016-17 کے دوران کم ہوکر 3,03,000 ٹن کی سطح پر آ گئی۔

پنجاب میں چنے کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار کا موازنہ




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| رقبہ (000 ہیکٹر) | 908.1 | 857.9 | 857.9 | 854.9 | 859.0 |
| پیداوار (000 ٹن) | 691.0 | 330.7 | 322.4 | 227.2 | 303.0 |

2016-17*=2nd Estimate of Gram
Source: Agricultural Statistics of Pakistan & Crop Reporting Service Punjab

سال 2015-16 کے چنے کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق صوبہ پنجاب میں بھکر پہلے، خوشاب دوسرے، لیہ تیسرے، جھنگ چوتھے، میانوالی پانچویں، بہاولنگر چھٹے اور ڈیرہ غازی خان ساتویں نمبر پر ہے۔

پنجاب کے مختلف اضلاع میں چنے کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار کا موازنہ سال 2015-16




| | بھکر | خوشاب | لیہ | جھنگ | میانوالی | بہاولنگر | ڈیرہ غازی خان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار | 92.8 | 53.3 | 38.1 | 13.9 | 10.9 | 6.3 | 3.4 |
| رقبہ | 409.37 | 223.75 | 119.96 | 50.65 | 21.30 | 7.24 | 5.21 |

Source: Crop Reporting Service Punjab

پاکستان کو اپنی ملکی ضرورت پورا کرنے کیلئے چنا دوسرے ممالک سے درآمد کرنا پڑتا ہے۔ سال 2012-13 کے دوران پاکستان نے 70,213 ٹن چنا درآمد کیا جو کہ سال 2015-16 کے دوران کم ہو کر 36,412 ٹن کی سطح پر آ گیا۔ مالی سال 2016-17 کے پہلے 8 مہینوں کے دوران پاکستان 25,345 ٹن چنا درآمد کر چکا ہے۔

پاکستان میں چنے کی درآمد




| | 2012-13 | 2013-14 | 2014-15 | 2015-16 | 2016-17* |
|---|---|---|---|---|---|
| مقدار "ٹن" | 70213.49 | 51412.42 | 55721.728 | 36412.37 | 25345.11 |
| درآمدی مالیت ملین روپے | 5120.56 | 3205.30 | 3544.6 | 2752.55 | 2286.39 |

2016-17*= Import during July 2016 to February 2017
Source: PBS

پاکستان نے سال 2016-17 کے دوران چنے کی زیادہ تر درآمد ایران، ایتھوپیا، آسٹریلیا، کینیڈا، روس، ارجنٹائن، تنزانیہ جیسے ممالک سے کی۔

پاکستان میں چنےکی درآمد کے بڑے ممالک سال 2016-17




| | ایران | ایتھوپیا | آسٹریلیا | کینیڈا | روس | ارجنٹائن | تنزانیہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقدار "ٹن" | 5265.03 | 3626.31 | 3917.04 | 2890.46 | 2553.89 | 1977.16 | 2004.35 |
| درآمدی مالیت ملین روپے | 453.90 | 383.29 | 312.83 | 266.16 | 198.51 | 165.84 | 155.47 |

2016-17*= Import during July 2016 to February 2017
Source: PBS




صوبہ پنجاب کی تمام بڑی منڈیوں میں چنے کی قیمت میں گذشتہ ماہ کی نسبت کمی دیکھنے میں آئی۔ گذشتہ ماہ مئی میں چنے کی قیمت 9568 روپے فی سوکلوگرام تھی۔ جو کہ جون میں 0.92 فیصد کمی کے ساتھ 9480 روپے فی سوکلوگرام ہوگئی جبکہ گذشتہ سال جون کی چنے کی قیمتوں کے مقابلے میں 17.87 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔ درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔

قیمت روپے فی 100 کلوگرام

| منڈی | جون(2017) کی قیمتیں | مئی(2017) کی قیمتیں | جون(2016) کی قیمتیں | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا مئی(2017) سے موازنہ | جون(2017) کی فیصد قیمتوں کا جون(2016) سے موازنہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | 10500 | 10311 | 12042 | 1.83 | -12.81 |
| فیصل آباد | 8687 | 9250 | 11501 | -6.09 | -24.47 |
| سرگودھا | 8189 | 8752 | 11134 | -6.43 | -26.45 |
| ملتان | 8149 | 8566 | 11484 | -4.86 | -29.03 |
| گوجرانوالہ | 10550 | 10491 | 12002 | 0.56 | -12.10 |
| اوکاڑہ | 10428 | 10469 | 11778 | -0.38 | -11.46 |
| راولپنڈی | 10500 | 10439 | 12446 | 0.59 | -15.64 |
| رحیم یار خان | 9750 | 9750 | 12250 | 0.00 | -20.41 |
| بہاولپور | 10141 | 9750 | 11286 | 4.01 | -10.14 |
| ڈیرہ غازی خان | 7900 | 7900 | 9500 | 0.00 | -16.84 |
| **اوسط** | **9480** | **9568** | **11542** | **-0.92** | **-17.87** |

## ماش




پاکستان میں گذشتہ پانچ سالوں کے ماش کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق سال 13-2012 کے دوران ماش کی مجموعی ملکی پیداوار 10,900 ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 17-2016 کے دوران کم ہو کر 7200 ٹن کی سطح پر آ گئی۔




سال 16-2015 کے دوران پاکستان میں ماش کی مجموعی ملکی پیداوار میں صوبہ پنجاب 58 فیصد حصہ کے ساتھ پہلے، صوبہ بلوچستان 31 فیصد حصہ کے ساتھ دوسرے، صوبہ خیبر پختونخواہ 10 فیصد حصہ کے ساتھ تیسرے اور صوبہ سندھ 1 فیصد حصہ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔




صوبہ پنجاب میں ماش کے گذشتہ پانچ سالوں کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق سال 2012-13 کے دوران ماش کی مجموعی پیداوار 6100 ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 2016-17 کے دوران کم ہو کر 3600 ٹن کی سطح پر آ گئی۔




صوبہ پنجاب میں سال 2016-17 کے دوران ماش کے پیداواری اعدادوشمار کے مطابق ضلع ناروال ماش کی پیداوار میں پہلے، سیالکوٹ دوسرے، راولپنڈی تیسرے، جہلم چوتھے، گجرات پانچویں، چکوال چھٹے اور مظفر گڑھ ساتویں نمبر پر ہے۔




پاکستان ماش کی ملکی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے ماش دوسرے ممالک سے درآمد کرتا ہے۔ سال 2012-13 کے دوران ماش کی مجموعی درآمد 38,529 ٹن ریکارڈ کی گئی جو کہ سال 2015-16 کے دوران معمولی کمی کے بعد 37,756 ٹن کی سطح پر آ گئی۔ جبکہ سال 2016-17 کے پہلے 8 مہینوں کے دوران 32,238 ٹن ریکارڈ کی گئی۔




پاکستان نے سال 2016-17 کے دوران ماش کی زیادہ تر درآمد ویت نام، مونٹی نیگرو، میانمر، سنگاپور، تھائی لینڈ، یوکرائن اور افغانستان سے کی۔




صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں ماش کی اوسط قیمت گذشتہ ماہ کی قیمت13882 روپے سے بڑھ کر 14083 روپے فی سوکلوگرام ہوگئی اورشرح اضافہ 1.45 فیصد رہا جبکہ گذشتہ سال جون کی قیمتوں کے مقابلے میں 31.94 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ درج ذیل گوشوارہ میں جون کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال جون کی قیمتوں کے ساتھ موازنہ دیا گیا ہے۔

